Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۹ مطبوعہ و شنبہ تاریخ ۲ جمادی الاول ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۳۵ء

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱) وظائف ریٹنگ سکریٹری مسٹر مقبول احمد صاحب ملک انفارمیشن آفیسر	۲	(۴) علاوہ ریٹنگ الاؤنس صوبہ دار صاحبزادہ عاشق علی خاں صاحب بہادر	۳
(۲) بحالی پنشن صوبہ دار امین الدین خاں	//	(۵) اختتام سلسلۂ رخصت منشی فیاض علی خاں اسسٹنٹ مجسٹریٹ	//
(۳) اضافہ تنخواہ صاحب فنانس سکریٹری بہادر	۲-۳	(۶) منظوری حساب سواری الاؤنس افسران	۳-۴

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

(۱) منظوری بابت کئے جانے تحریک نسبت قرضہ گورنمنٹ ہند	۱	(۴) منظوری آسامی دایہ برائے میٹرنٹی سنٹر چاند دیو ٹیبر	۴
(۲) منتقلی و توسیع مویشی خانہ جات	//	(۵) بحالی عہدہ محافظ خزانہ منشی مشتاق علی خاں محرر کانڈ سیشن صیغہ پولیس	//
(۳) // ڈاکٹر حامد علی خان (جیلیٹو آفیسر)	//	(۶) منظوری جنسی نرخ افیون۔	//
		(۷) منظوری تعطیل سلونو	//

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- (مسودہ) واقع ۵ راگست ۱۹۳۵ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی مسٹر سید معقول احمد پبلک انفارمیشن افسر بحکم ۲۰ رجولائی ۱۹۳۵ء سکریٹری کمیٹی واضع قوانین مقرر ہوئے ہیں حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر انکو رینک "سکریٹری" عطا کیا جاتا ہے عہدہ سکریٹری کے اختیارات ہوں گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع عرضداشت برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط بندگانحضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

۶ راگست ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- (مسودہ) واقع ۸ راگست ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ سابق صوبہ دار امین الدینخاں کی پنشن مبلغ ... روپے ماہوار ۲۶ رمئی ۱۹۳۴ء سے جاری کیجانا منظور ہے۔ سررشتہ متعلق کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان خلد اللہ ملکہم نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — **جناب عالی** — **میرسانند**

کاغذات درخواست سابق صوبہ دار امین الدین خاں صاحب پنشنر ریاست رامپور رضا انفنٹری باستدعائے اجرائے پنشن مسدود شدہ مع اسناد بابتہ تقرر و تبدیلی وغیرہ صوبہ دار صاحب مذکور بذریعہ عرضداشت اجلاس ہمایوں میں پیش ہیں جن کی بابت حسب ذیل گذارش ہے کہ انکو ۲۲ رجولائی ۱۹۳۰ء سے بوجہ دیرینہ ملازمت و بصلہ خدمات جنگ بمبلغ ... روپیہ ماہوار پنشن عطا ہوئی تھی۔ ۲۳ راپریل ۱۹۳۱ء کو بعہدہ سالار صدر مقرر ہوا تو پنشن مسدود ہو گئی۔ اور ۸ رمئی ۱۹۳۲ء کو رسالہ صدری سے تبدیل ہوکر بعہدہ "نائب جیلر" مقرر ہوگئے۔ وہاں سے ۱۱ رستمبر ۱۹۳۲ء کو سکنڈ ان کمانڈ توپخانہ مقرر ہوئے۔ وہاں سے ۱۲ ردسمبر ۱۹۳۲ء کو تبدیل ہوکر دوبارہ رسالدار صدر ہوئے رسالدار صدری سے علیحدہ ہوکر ۵ رجولائی ۱۹۳۳ء کو ضلعداری مواضعات پر مقرر ہوئے۔ ۲۶ رمئی ۱۹۳۴ء کو ضلعداری سے معطل ہوکر ۷ رستمبر ۱۹۳۴ء کو ملازمت سے علیحدہ کر دیئے گئے ہیں۔ چونکہ یہ پنشن ان کو بصلہ خدمات جنگ عطا کی گئی تھی جس کی بحالی کی سفارش صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر و صاحب چیف منسٹر بہادر بھی کرتے ہیں لہذا ترقی خواہ بھی امیدوار ہے کہ بنظر پرورش خسروانہ صوبہ دار صاحب کی پنشن یوم معطلی ۲۶ رمئی ۱۹۳۴ء سے اجرا کئے جانیکی پیشگاہ ہمایوں سے منظوری فرمائیجائے واجب عرض ہے

دولت و اقبال مدام لازوال باد۔

ترقی خواہ دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر مورخہ ۶ راگست ۱۹۳۵ء

روبکار:- (مسودہ) واقع ۸ راگست ۱۹۳۵ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کی تنخواہ میں ۲۶ رفروری ۱۹۳۵ء سے مطابق ترقی گورنمنٹ پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کر کے حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام

صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۸ اگست ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-

(مسودی) مورخہ ۸ اگست ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ صوبہ دار صاحبزادہ عاشق علی خاں بہادر تھرڈ رامپور سرفنٹس انفینٹری کو "لفٹنٹ" کا رینک عطا کیا جانا منظور ہے۔ تنخواہ میں اضافہ نہ ہوگا۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عرض | پیر ساند

جناب عالی!

کمانڈنگ افسر صاحب تھرڈ رامپور رفٹ انفنٹری رپورٹ کرتے ہیں کہ صوبہ دار صاحبزادہ عاشق علیخاں صاحب بہادر سیکنڈ کمانڈنگ کا کام کرتے ہیں۔ نہایت محنت و جانفشانی سے کام متعلقہ انجام دیتے ہیں۔ "لفٹنٹ" کا رینک عطا کئے جانے کی سفارش کرتے ہیں۔

ترقی خواہ بھی سفارش کرتا ہے کہ از راہ پرورش "لفٹنٹ" کا رینک عطا فرمایا جائے۔ تنخواہ میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ آفتاب دولت و اقبال تاباں و درخشاں باد

ترقی خواہ دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر مورخہ [illegible] اگست ۱۹۳۵ء

حکم :-

(مسودی) مورخہ ۸ اگست ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ ایام رخصت منشی فیاض علیخاں اسپیشل مجسٹریٹ میں مولوی نصیر الدین منصف مجسٹریٹ حلقہ شمالی کو اسپیشل مجسٹریٹ مقرر کیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔ منصف مجسٹریٹ شمالی کا کام مولوی وصال محمد منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی انجام دیں۔ مکانات [illegible] کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس آئے۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عرض | جناب عالی | پیر ساند

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں کا فدوی منظوری رخصت رعایتی ایکماہ منشی فیاض علیخاں اسپیشل مجسٹریٹ از ۲۱ جولائی ۱۹۳۵ء و انتظام کار بصراحت ذیل کرتا ہے۔

مولوی نصیر الدین صاحب منصف مجسٹریٹ شمالی کو ایکماہ کیلئے اسپیشل مجسٹریٹ مقرر کیا جائے اور انکا کام ایکماہ تک مولوی وصال محمد صاحب منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی انجام دیں۔ پیش ہوکر تجویز ہوئی کہ منشی فیاض علیخاں کی رخصت رعایتی ایکماہ از ۲۱ جولائی ۱۹۳۵ء منظور کیجاتی ہے بابت منظوری انتظام کار حسب صراحت بالا انکا [illegible] سفارش کیجائے۔ قبل ازیں بحکم ہمایوں مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۵ء مولوی نصیر الدین صاحب کو ان مقدمات کی سماعت و تجویز کیلئے جو مولوی علاء الحق صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت سے منتقل کئے گئے اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول عطا ہوچکے ہیں اور حسب تجویز وہ اپنے کام کے علاوہ ان مقدمات کی سماعت بھی کریں۔ موجودہ تجویز میں چونکہ اسپیشل مجسٹریٹی کے کام کا بھی اضافہ ہو جائیگا اسلئے ان کا اپنا کام منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی سے متعلق کئے جانے میں سہولت ہوگی۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بابت انتظام کار مصرحہ بالا انکا [illegible] حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

ترقی خواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۴ اگست ۱۹۳۵ء

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۸ اگست ۱۹۳۵ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم ۱- (دستوری) واقع ۸ اگست ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ بجٹ سواری الاؤنس افسران مطابق نقشہ شمول کاغذات منظور ہے کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میر سانہ

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۶ اگست ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب فنانس منسٹر بہادر بابتہ ایزادی وکمی رقوم برائے مصارف سواری الاؤنس افسر صاحبان بہادر پیش ہوئی بجٹ سال رواں میں جو رقوم مصارف موٹر وسواری الاؤنس کے نام سے منظور ہوئی ہیں وہ مختلف تعداد میں صیغہ جات کی تجویز پر منظور کر لی گئی ہیں لیکن ۱۴ اپریل ۱۹۳۵ء کو بنگاہ ہمایوں سے سواری الاؤنس کے متعلق ایک مستقل اسکیم منظور فرمائی جا چکی ہے جس منظور شدہ اسکیم کا نفاذ آمدہ بجٹ میں نہیں ہوا ہے جسکی وجہ سے بعض صیغہ جات میں ان مصارف کے لئے رقم بالکل نہیں ہے اور بعض میں ضرورت سے زائد ہے۔ صیغہ فنانس نے بجٹ سواری الاؤنس مرتب کرکے پیش کیا ہے جسمیں صاحب ریونیو وفنانس منسٹر بہادر اور صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کا ایک ایک سو روپیہ ماہوار الاؤنس قائم کیا گیا ہے لیکن صاحبان بہادر مذکور تا درستی مالی حالت ریاست صرف چالیس چالیس روپیہ ماہانہ الاؤنس وصول کرینگے۔

نیز صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر اور صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کے سواری الاؤنس کی رقم بھی رکھی گئی ہے جو موجودہ بجٹ منسلکہ ہذا میں کل افسران کا سواری الاؤنس شامل نہیں ہے۔ کونسل نے بنظر سہولت کار فی الحال بجٹ مشمولہ ہذا کی منظوری سے اتفاق رائے کیا ہے۔ اور صیغہ فنانس کو مکمل نقشہ بجٹ جلد پیش کرنے کے بارہ میں اطلاع دیدی گئی ہے۔ لہٰذا مستدعی ہے کہ بنگاہ ہمایوں سے حکم منظوری بجٹ سواری الاؤنس بموجب نقشہ منسلکہ مرتبہ فنانس ڈپارٹمنٹ صادر فرمایا جائے۔ مکمل بجٹ صیغہ فنانس سے وصول ہونے کے بعد باتفاق رائے کونسل حضور انور میں پیش کیا جائیگا۔

والادب۔ آفتاب دولت واقبال تاباں باد۔

فدوی

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

مورخہ ۶ اگست ۱۹۳۵ء

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدارت سے احکام صادر جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو اصل کاغذات بعد اجراء صاحب فنانس منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔

۸ اگست ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

نقشہ منتقلی بابتہ موٹر الاؤنس اسکیم

حسب ذیل رقومات کی رقوم مندرجہ تحت کا منتقل کیا جانا منظور فرمایا جائے	حسب ذیل مدات میں با رقوم مندرجہ تحت کا منتقل کیا جانا منظور فرمایا جائے

اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

(۱) [illegible]	588-0-0	موٹر الاؤنس	2,100-0-0
(۲) مصارف موٹر	1,448-2-0		
	2,030-2-0		2,100-0-0

کمی بابت منتقلی 63-14-0

فنانس آفس

(۱) شاہرات	280-0-0	الاؤنس	1000-0-0
(۲) مصارف موٹر	660-0-0		
	940-0-0		1000

حسب ذیل مدات سے رقوم مندرجہ تحت کا منتقل کیا جانا منظور فرمایا جائے	حسب ذیل مدات میں رقوم مندرجہ تحت کا منتقل کیا جانا منظور فرمایا جائے
	کمی بابت منتقلی 60-0-0
میزان 2,976-2-0	میزان موٹر الاؤنس 3,100-0-0

(۱) اجلاس جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

(۱) شاہرات 511-8-0	(۱) موٹر الاؤنس 880-0-0
(۲) مصارف موٹر 1100-0-0	
1,611-8-0	880-0-0

(۲) اجلاس جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

(۱) شاہرات 308/-	موٹر الاؤنس 440-0-0
(۲) سواری خرچ مصارف موٹر 720-0-0	
1,028-0-0	440-0-0

(۳) آرمی ہیڈ کوارٹرس

(۱) شاہرات 275-0-0	موٹر الاؤنس 440-0-0
(۲) خرچہ پٹرول 500-0-0	
775	440

(۴) دفتر جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر

	موٹر الاؤنس 440-0-0
	440

(۵) دفتر جناب صاحب ہوم سکریٹری بہادر

	موٹر الاؤنس 440-0-0
	440-0-0

حسب ذیل مدات سے رقوم مندرجہ تحت کا منتقل کیا جانا منظور فرمایا جائے	حسب ذیل مدات میں رقوم مندرجہ تحت کی زیادتی منظور فرمائی جائے

(۶) عدالت العالیہ ہائیکورٹ

(۱) شاہرات 220-0-0	موٹر الاؤنس 440-0-0
(۲) مصارف موٹر 500-0-0	
720-0-0	440-0-0

(۷) شفاخانہ صدر

(۱) شاہرات 220-0-0	موٹر الاؤنس 550-0-0
(۲) مصارف موٹر 800-0-0	
1020-0-0	550-0-0

(۸) زنانہ شفاخانہ

شاہرات 220-0-0	موٹر الاؤنس 440-0-0
220-0-0	440-0-0

(۹) نظامت جنوبی

	موٹر الاؤنس 440-0-0
	440-0-0

(۱۰) اہکار

	موٹر الاؤنس 440-0-0
	440-0-0

(۱۱) تعمیرات

(۱) شاہرات 220-0-0	موٹر الاؤنس 550-0-0
(۲) سواری خرچ و مصارف موٹر 800/-	
1020-0-0	550-0-0

میزان 6,244-8-0	میزان 5,500-0-0
میزان فہرست اندراج ستما 2,976-2-0	میزان فہرست اندراج ستما 3,100-0-0
میزان کل 9,220-10-0	میزان کل 8,600-0-0

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر آن اسٹیٹ کونسل :- واقع ۳ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر پیش ہوئی کہ صراحت کہ گورنمنٹ ہند کے جدید قرضہ ۱۹۵۵ء–۱۹۶۰ء بحساب تین فیصدی میں [illegible] ٹریژری بانڈس ۱۹۳۵ء بحساب پانچ فیصدی و ٹریژری بانڈ ۱۹۳۵ء بحساب ساڑھے چھ فیصدی موجودہ خزانہ بطور جینس محسوب کرنے کے لئے گورنمنٹ ہند کو تحریک کی جائے۔ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے اجازت مرحمت فرما دی کہ کونسل میں معاملہ کو ملحوظ پیش ہوکر طے پایا کہ تجویز منظور ہو۔ حسب منشا فنانس منسٹر بہادر حسب صراحت تجویز کارروائی ضابطہ عمل میں لائیں۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل

آرڈر آن اسٹیٹ کونسل :- واقع ۳ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابت مستقلی و توسیع مویشیخانہ جات پیش ہوکر طے پایا کہ :-

چھ مویشیخانہ جات کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل بارہ دری و ریور تحصیل شاہ آباد و شہباری تحصیل ٹانڈہ، بنگرہ تحصیل بلاسپور اور کیمپ پور تحصیل سوار کو یکم اپریل ۱۹۳۵ء سے مستقل کیا جانا منظور ہو۔ مویشیخانہ بانس نگلی پرگنہ حضور تحصیل کی مدت امتحانی میں یکم اپریل ۱۹۳۵ء تا آخر ستمبر ۱۹۳۵ء چھ ماہ کی توسیع منظور کی جاتی ہے۔

مصارف مذکورہ بالا سے بجٹ متعلقہ پر کوئی مزید بار نہیں پڑیگا رقم مصارف بجٹ میں منظور ہو چکی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو اور نقل حسب قاعدہ واپس محکمہ متعلقہ صدر ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل

آرڈر آن اسٹیٹ کونسل :- واقع ۳ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابت مستقلی ڈاکٹر حامد علی خاں بعہدہ وٹرنری افسر بمشاہرہ ایک سو روپیہ پیش ہوکر طے پایا کہ :-

حامد علی خاں کو اس وقت پچاس روپیہ تنخواہ اور پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس مل رہا ہے۔ موجودہ الاؤنس شامل تنخواہ کیا جائے۔ اور بعد از اختتام مدت امتحانی ڈاکٹر حامد علی خاں کو بمشاہرہ ایک سو روپیہ ماہوار مستقل وٹرنری افسر مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- ۹ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات منظوری آسامی جدید ایک دایہ بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار برائے تحصیل ملک پیش ہو کر طے پایا کہ:-

تحصیل ملک کیلئے دایہ کی ایک جدید آسامی بمشاہرہ ۱۵ روپیہ ماہوار منظور کیجاتی ہے۔ بجٹ سال رواں میں ٹی سینٹر و چائلڈ ویلفیئر میں دائیوں کی تین آسامیاں ۳۰، ۳۰ روپیہ ماہوار کی منظور ہوئی تھیں۔ منجملہ ان دو مد الف ... روپیہ اور ایک مد الف بمشاہرہ ۲۵ روپیہ ماہوار موجود ہیں بحالت موجودہ ۲۵ روپیہ ماہوار کی بچت ہے جو مصارف مندرجہ بالا کے لئے کافی ہے بجٹ متعلقہ پر کوئی مزید بار نہیں پڑے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل)

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- ۹ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابتہ بحالی سابقہ عہدہ "محافظ دفتر پولیس" مشتاق علیخاں محرر پیش ہو کر طے پایا کہ:-

مشتاق علیخاں محرر محافظ خانہ پولیس کا سابقہ عہدہ "محافظ دفتر" بحال کیا جانا منظور ہے۔

(حکم ہوا کہ)

سررشتہ صدر کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل)

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- ۹ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابت منظوری بیشی نرخ قیمت افیون حسب تفصیل ذیل پیش ہوئے۔

(۱) قیمت افیون جو خزانہ انگریزی میں لیجائیگی بجائے ... فی سیر کے ... فی سیر ہوگی۔

(۲) نرخ فروخت خوردہ فروشی افیون بجائے ... فی تولہ کے ... فی تولہ ۱۶ اگست ۱۹۳۵ء سے ہوگا چونکہ برٹش گورنمنٹ میں افیون کا نرخ گراں ہو گیا ہے لہذا طے پایا کہ:-

تجویز مندرجہ بالا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل)

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- ۱۰ اگست ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۹ اگست ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابت منظوری تعطیل تیوہار سلونو جو امسال بتاریخ ۱۴ اگست ۱۹۳۵ء یوم چہارشنبہ واقع ہوگا پیش ہو کر طے پایا کہ:-

برائے تیوہار سلونو ایک یوم کی عام تعطیل برائے جملہ دفاتر و مدارس و عدالتہائے ریاست منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل)